04/02/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپمحمود احمد خان سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس سال نئی دلی میں یوم جمہوریہ تقریبات میں شرکت سے لوٹے کیڈٹس کی کارکردگی کی ستائش کی ہے ۔ NCC جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے

جموں میں 127 کیڈٹوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کیڈٹوں پر زور دیا کہ وہ سماج میں منشیات جیسے بدعات کے خلاف اپنا رول ادا کریں ۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے جموں کشمیر میں قبائلی طبقوں کی اقتصادی و معاشی خوشحالی کیلئے ٹھوس منصوبے مرتب کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ وہ سول سیکریٹریٹ جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں بول رہے تھے ۔

انہوں نے کہا کہ یہ منصوبے، دائمی ترقی ، تمدن کے تحفظ اور سماجی و اقتصادی با اختیاری کے ساتھ، قبائلیوں کی ترقیاتی ضروریات کے عکا س ہو نے چاہئے ۔

غور طلب ہے کہ وزیر موصوف نے حال ہی میں قبائلی امور کے مرکزی وزیر جوئل اورَم سے ملاقات کر کے اُن سے جموں کشمیر میں اس سیکٹر کے لئے رقومات بڑھانے کی استدعا کی تھی ۔

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے صارفین کے لئے فراہم کی جانے والی پانی کی سپلائی میں بہتری لانے کے لئے انٹرنیٹ آف تھِنگس ، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت جیسے جدید ذرائع کو بروئے کار لانے کے لئے کہا ہے ، جن میں عام طور پر نقص رہنے کی گنجائش کم رہتی ہے ۔

جموں میں محکمہ جل شکتی اور دیگر متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے کہا کہ صارفین کے لئے واٹر سپلائی کے نظام میں بہتری لانے کی خاطر اس کا کوئی متبادل نہیں ہو سکتا ۔ انہوں نے کہا کہ جل جیون مشن کے تحت تمام دیہی کنبوں کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کا عزم کیا گیا ہے اور اس مشن کی تکمیل کے ساتھ 19 لاکھ گھرانوں کا احاطہ ہو جائے گا ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں 2024-25 کے ضلع کیپیکس بجٹ کے تحت زیر عمل مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں اور کاموں پر اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

میٹنگ میں مختلف کاموں کا سیکٹر وائز جائزہ لیا گیا اور کاموں کی تکمیل میں حائل چیلنجوں سے نمٹنے پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں زرعی سرگرمیوں کی آبیاری کے لئے اریگیشن منیجمنٹ پلان کا جائزہ لیا گیا ۔

میٹنگ میں پانی کے تقسیم کاری نظام میں بہتری لانے اور اریگیشن سیکٹر کے موجودہ بنیادی ڈھانچے کے رکھ رکھاو پر توجہ مرکوز رہی ۔ ڈپٹی کمشنر نے اس بات کو اجاگر کیا کہ آبپاشی کا ایک صحیح نظام ضلع کی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے میں معاون ثابت ہو گا ۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا کی صدارت میں ضلع سطح کی کوآپریٹیو ڈیولپمنٹ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی ، جس دوران تعاون کے بین الاقوامی سال کے ایک حصے کے طور پر کئی اہم اقدام کو منظوری دی گئی ۔ میٹنگ میں ضلع میں کوآپریٹیو ماڈلوں کے ذریعے دائمی ترقی ، نوجوانوں کی شمولیت اور اقتصادی خوشحالی بڑھانے پر زور دیا گیا ۔

اس موقعہ پر ضلع کے ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹیوز عدنان نذیر نے ایک پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعے ضلع میں کوآپریٹیو سیکٹر کو مضبوط کرنے کی حکمت عملیوں کا خلاصہ کیا ۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع اور سیکٹورل افسروں کی ایک میٹنگ میں جے کے سمادھان پورٹل پر درج شدہ عوامی شکایات کے ازالے کی پیش شرفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے تمام زیر التواءشکایات اور حل کی گئی شکایات کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نے عوامی مسائل کے بر وقت نپٹارے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے جے کے سمادھان پورٹل سے متعلق جانکاری عام کرنے کے لئے کہا ۔

NIT

نیشنل انسٹیچوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر میں ہفتہ بھر تک جاری رہنے والا جدید نوعیت کی کارخانہ داری اور سکل ڈیولپمنٹ پروگرام شروع کیا گیا ہے ۔

NIT سرینگر کے شعبہ میکنیکل انجینئرنگ کی طرف سے منعقد کردہ اس ورکشاپ کو MSME کی مرکزی وزارت کا تعاون بھی حاصل ہے ۔ پروگرام کے افتتاحی سیشن کی صدارت ادارے کے رجسٹرار پروفیسر عطیق الرحمان نے کی ۔

منشیات

منشیات کی لعنت کے خلاف اپنی کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سوپور سے تین سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے ۔

پولیس پریس نوٹ میں منشیات فروشوں کے نام نادی ہل رفیع آباد کے عادل احمد لون // محمد شفیع شیخ // اور سجاد احمد لون بتائے گئے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

************